Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ القِیامَة

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی،	.1
اور قسم کھاتا ہوں جی (نفس) کی، جو اولاہنا دیتا (ملامت کرتا) ہے۔	.2
کیا خیال رکھتا ہے آدمی کہ جمع نہ کریں گے ہم اس کی ہڈیاں؟	.3
کیوں نہیں کر سکتے ہم کہ ٹھیک کر دیں اس کی پوریاں (انگلیوں کی)۔	.4
بلکہ چاہتا آدمی کہ ڈھٹائی کرے اس کے سامنے،	.5
پوچھتا ہے کہ کب ہے دن قیامت کا؟	.6
پھر جب چوندھ لانے (متحیر ہونے) لگے تیور (بینائی)،	.7
اور گہہ (گہنا) جائے چاند،	.8
اور اکٹھے ہوں (ایک ہو جائیں) سورج اور چاند،	.9

.10	کہے گا آدمی اس دن، کہاں جاؤں بھاگ کر۔
.11	کوئی (ہرگز) نہیں کہیں نہیں ہے بچاؤ۔
.12	تیرے رب تک اس دن جا ٹھہرنا۔
.13	جتا (بتا) دینگے انسان کو اس دن جو آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا،
.14	بلکہ آدمی اپنے واسطے آپ سوجھ (دور اندیش) ہے،
.15	اور پڑا لا ڈالے (پیش کرے) اپنے بہانے (معذرتیں)۔
.16	نہ چلا (حرکت دو) تو اس کے پڑھنے پر اپنی زبان کہ شتاب (فوراً) اس کو سیکھ لے۔
.17	وہ تو ہمارا ذمہ ہے اس کو سمیٹ رکھنا (جمع کرنا) اور پڑھنا (پڑھوانا)،
.18	پھر جب ہم پڑھنے لگیں تو ساتھ رہ (سنتے رہو) اس کے پڑھنے کے،
.19	پھر مقرر (یقیناً) ہمارا ذمہ ہے اس کو کھول بتانا (مطلب سمجھانا)،
.20	کوئی نہیں پر تم چاہتے ہو شتاب ملتی (دنیا)،
.21	اور چھوڑتے ہو دیر آتی (آخرت)۔
.22	کتنے منہ اس دن تازے ہیں،
.23	اپنے رب کی طرف دیکھتے۔

.24	اور کتنے منہ اس دن اداس ہیں،
.25	خیال میں (سمجھ رہے) ہیں کہ ان پر وہ ہوئے (ہو گا برتاؤ) جس سے کمر ٹوٹے۔
.26	کوئی (ہرگز) نہیں جس وقت جان پہنچی ہانس (حلق) تک،
.27	اور لوگ کہیں کون ہے جھاڑنے والا؟
.28	اور وہ اٹکلا (سمجھا) کہ اب آیا چھوٹنا (وقتِ جدائی)،
.29	اور لپٹ گئی پنڈلی پر پنڈلی۔
.30	تیرے رب کی طرف ہے اس دن کھنچ (روانہ ہو) جانا۔
.31	(اس کے باوجود) پھر نہ یقین لایا ہے، نہ نماز پڑھی،
.32	پر (بلکہ) جھٹلایا ہے اور منہ موڑا۔
.33	پھر گیا اپنے گھر کو اکڑتا۔
.34	خرابی تیری! خرابی پر خرابی تیری۔
.35	پھر خرابی تیری! خرابی پر خرابی تیری۔
.36	کیا خیال رکھتا ہے آدمی کہ چھوٹا رہے گا بے قید (بلا حساب کتاب)۔
.37	بھلا نہ تھا ایک بوند منی کی جو ٹپکے (رحم مادر میں)،

پھر تھا لہو کی پھٹکی، پھر اس (اللہ) نے بنایا (پیدا کیا) اور ٹھیک کر اٹھایا۔	.38
پھر کیا اس میں جوڑا نر اور مادہ۔	.39
کیا ایسا شخص (ایسی ہستی) نہیں (کر) سکتا کہ جلا دے (زندہ کرے) مردے۔ *********	.40

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com